Updated March 14, 2022 Urdu
DOH 820-131

کووڈ-19 کے دوران ماسک کی رہنمائی

14 مارچ 2022 کی تبدیلیوں کا خلاصہ

- صحت کے سیکریٹری کے ماسک آرڈر (صرف انگریزی) اور گورنر کے اعلامیے (صرف انگریزی) کی تبدیلیوں کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کے لئے ترمیم کی گئی۔

تعارف

جب آپ ماسک پہنتے ہیں تو آپ خود کو اور اپنے ارد گرد موجود افراد کو محفوظ رکھنے میں مدد دیتے ہیں۔ اس عالمی وبا کے ردعمل میں ہم نے سیکھا کہ چند اوقات و مقامات پر ماسک پہننے سے افراد میں کووڈ-19 کی منتقلی بڑی حد تک گھٹ سکتی ہے، جانیں بچ سکتی ہیں اور معیشت کو محفوظ و سمجھدار طریقے سے کھولے رکھنے میں مدد ملتی ہے۔ تہوں کی صورت میں انسدادی حکمت عملیاں، جیسا کہ تمام ویکسینز لگوانا اور ماسک پہننا شدید بیماری سے بچاؤ میں مدد دے سکتی ہیں اور نگہداشت صحت کے نظام پر دباؤ پڑنے کا امکان گھٹاتی ہیں - خاص کر اس وقت جب منتقلی کی شرح زیادہ ہو۔

Centers for Disease Control and Prevention (CDC، مراکز برائے امراض پر قابو اور انسداد) کے مطابق کچھ ماسک اور آلات تنفس دیگر کی نسبت بڑی سطح پر تحفظ فراہم کرتے ہیں اور کچھ کو برداشت کرنا یا دوسروں کے گرد مسلسل پہننا مشکل ہو سکتا ہے۔ یہ انتہائی اہم ہے کہ آپ اچھی فٹنگ والا ماسک یا آلہ تنفس درست طریقے سے پہنیں، اور یہ آپ کے لئے آرام دہ ہو اور اچھا تحفظ فراہم کرے۔ CDC کے ویب صفحے پر ماسکس اور آلات تنفس کی اقسام کے بارے میں مزید معلومات دیکھی جا سکتی ہیں۔

جو افراد نشونما، رویے یا صحت کے مسائل کے باعث ماسک نہیں پہن سکتے وہ پردے والی فیس شیلڈ استعمال کر سکتے ہیں۔ اگر اچھی فٹنگ والا ماسک برداشت نہ کیا جا سکے تو چائلڈ کیئر، ڈے کیمپ اور کے-12 ماحول میں موجود بچوں سمیت تمام افراد پردے والی فیس شیلڈز بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ ماسک پہننے کی معلومات کے متعلق Department of Health (DOH، محکمۂ صحت) کی رہنمائی کے لئے کے-12 اسکول، چائلڈ کیئر، ابتدائی تعلیم، یوتھ ڈیولیمنٹ اور ڈے کیمپ پروگرامز (اردو) دیکھیں۔ اس کے علاوہ مزید معلومات کے لئے CDC کا سیکشن افراد کے مخصوص گروہوں کے لئے غور طلب باتیں دیکھیں۔ DOH سانس لینے کے سوراخوں والے ماسکس یا ایک تہہ والے کپڑے کے ماسک اور منہ اور گردن ڈھانپنے والے گیٹرز کی تجویز نہیں دیتا۔

جائے ملازمت میں چند اقسام کے ماسکس یا آلات تنفس کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ سانس لینے کے سوراخوں والے آلات تنفس کو Washington State Department of Health (DOH، ریاست واشنگٹن محکمۂ صحت) اور Washington State Department of Labor & Industries (L&I، ریاست واشنگٹن محکمہ برائے مزدوری و صنعت) (صرف انگریزی) کی شائع کردہ رہنمائی کے مطابق استعمال کیا جا سکتا ہے۔

ماسک کے متعلق اکثر پوچھے جانے والے سوالات کی فہرست کے لئے براہ مہربانی DOH کا ماسکس کے متعلق ویب صفحہ (صرف انگریزی) ملاحظہ کریں۔

موجودہ ضوابط اور ہیلتھ آرڈز

درج ذیل موجودہ عوامی آرڈرز کا تقاضا ہے کہ افراد مخصوص مقامات میں ماسک پہنیں، بشمول:

- نگہداشت صحت کے مقامات
- اصلاحی اور حراستی ادارے (بالغ افراد کے قید خانے اور جیلیں)

- عوامی ذرائع نقل و حمل (صرف انگریزی):

ریاست واشنگٹن محکمۂ صحت کا آرڈر

Secretary of Health Mask Order (صحت کے سیکریٹری کے ماسک آرڈر) (صرف انگریزی) کا تقاضا ہے کہ واشنگٹن کے باسی ویکسینیشن کی حیثیت سے بالاتر ہو کر اور محدود استثنات کے ساتھ نگہداشت صحت کے مقامات اور بالغ افراد کے قید خانوں اور جیلوں میں ماسک پہنیں۔ افراد اس آرڈر کی تعمیل کے لئے انفرادی طور پر ذمہ دار ہیں، تاہم کاروباروں پر بھی اپنے ملازمین اور گاہکوں پر اس کا نفاذ کرنے کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ اضافی معلومات کے لئے براہ مہربانی درج ذیل آرڈرز دیکھیں۔

وفاقی آرڈر

Centers for Disease Control and Prevention order (مراکز برائے امراض پر قابو اور انسداد کا آرڈر) (صرف انگریزی) میں عوامی ذرائع نقل و حمل کے تقاضے درج ہیں۔ اس آرڈر کا تقاضا ہے کہ تمام عوامی ذرائع نقل و حمل اور نقل و حمل کے اسٹیشنز میں مسافر ماسک پہنیں، بشمول مگر بلا تحدید ہوائی جہاز، بحری جہاز، فیری، ٹرینیں، سب وے، بسیں، ٹیکسیاں اور مشترکہ گاڑیاں۔ ضروری ہے کہ عوامی ذرائع نقل و حمل کے منتظمین تمام مسافروں سے گاڑی میں چڑھنے، اترنے اور سفر کے دوران ماسک پہننے کا تقاضا کریں۔ CDC کے قانونی حکام کے ویب صفحے (صرف انگریزی) پر مزید معلومات دیکھی جا سکتی ہیں۔

CDC سرکاری یا نجی کے-12 اسکول سسٹمز یا ابتدائی نگہداشت اور تعلیم/چائلڈ کیئر (ECE) پروگرامز کے زیر انتظام بسوں یا وینوں میں موجود افراد سے ماسک پہننے کا تقاضا نہیں کرتا۔ اسکول سسٹمز اور ECE پروگرامز اپنی صوابدید پر بسوں یا وینوں میں افراد سے ماسک پہننے کا تقاضا کر سکتے ہیں۔ بس کی آمدورفت کے متعلق مزید معلومات کے لئے براہ مہربانی DOH کے-12 اسکولوں، چائلڈ کیئر، ابتدائی تعلیم، یوتھ ڈیویلپمنٹ اور ڈے کیمپ پروگرامز میں کووڈ-19 کی منتقلی گھٹانے کے تقاضے اور رہنمائی (اردو) کی رہنمائی دیکھیں۔

ریاست واشنگٹن کے گورنر کا اعلامیہ

گاہکوں اور ملازمین کے حامل کاروباروں کی ذمہ داریاں اور ان سے وابستہ توقعات گورنر کے اعلامیہ 20-25.19 کووڈ-19 کے لئے تیار واشنگٹن (صرف انگریزی) اور اعلامیہ 21-08 – محفوظ کارکنان (صرف انگریزی) میں درج ہیں۔

ریاست واشنگٹن مزدوری و صنعت اور گورنر کا اعلامیہ

اگرچہ درج بالا گورنر کے اعلامیے کے مطابق اکثر جائے ملازمتوں میں ماسک پہننا درکار نہیں، پھر بھی نجی کاروبار اپنی صوابدید پر ماسک پہننے کا تقاضا کر سکتے ہیں۔ براہ مہربانی مقام کے اصولوں کا احترام کریں۔ مزید براں گورنر کا محفوظ کارکنان کا اعلامیہ (صرف انگریزی) کے مطابق جن ملازمین کو صحت کے مخصوص خدشات درپیش ہوں یا جو شدید کووڈ-19 کے خطرے میں مبتلا لوگوں کے ساتھ رہتے ہوں، انہیں اب بھی ماسک پہننے کی ضرورت ہو سکتی ہے یا وہ اس کا انتخاب کر سکتے ہیں؛ ملازمین کو اپنے، اپنی فیملیز اور اپنی کمیونٹی کے تحفظ کے لئے ماسک پہننے کا حق حاصل ہے۔ 2021 میں مقننہ نے متبادل سینیٹ بل 5254 پاس کیا جو کہ صحت عامہ کی ہنگامی صورتحال میں ملازمین کے ماسک پہننے کے حق کا تحفظ کرتا ہے، اور اب یہ تحفظ Revised Code of Washington (RCW، واشنگٹن کا نظر ثانی شدہ کوڈ) 49.17.485 (صرف انگریزی) میں درج ہے۔
جائے ملازمت کے متعلق مزید معلومات کے لئے براہ مہربانی L&I کے کووڈ-19 کے انسداد کے تقاضے اور رہنمائی (صرف انگریزی) اور کووڈ-19 میں ملازمین کے منہ ڈھانپنے اور ماسک کے تقاضوں کے متعلق عام سوالات (صرف انگریزی) دیکھیں۔

مقامی صحت عامہ کے ادارے اور عہدیداران

مقامی طبی عہدیداران کو ان کے دائرہ کار میں مرض کے پھیلاؤ پر قابو پانے اور انسداد کرنے کے لئے صحت کے آرڈر جاری کرنے کا اختیار حاصل ہے۔ یہ آرڈر ریاستی سطح پر موجود آرڈرز سے زیادہ سخت ہو سکتے ہیں لیکن کم سخت نہیں۔ مقامی طبی دائرہ کار (صرف انگریزی) سے بات کریں اور اس علاقے کے تمام صحت کے آرڈرز پر عمل کریں۔

تجاویز

اگرچہ درج بالا معلومات میں فی الحال مخصوص اقسام کے مقامات میں برقرار رہنے والے تقاضے درج ہیں، درج ذیل معلومات میں عام صحت عامہ کی تجاویز دی گئی ہیں جنہیں زیر غور لایا جا سکتا ہے۔

غیر نگہداشت صحت کے مجموعی ماحول میں ماسک پہننے کی تجاویز

درج ذیل مقامات میں ممکن ہونے پر اندرون عمارت ماسک پہننے کی تجویز دی جاتی ہے۔ براہ مہربانی ذیل میں سیکٹر کے لحاظ سے رہنمائی دیکھیں۔

- بےگھر افراد کو خدمت فراہم کرنے والے مقامات (صرف انگریزی)
- تجارتی بحری ماحول (صرف انگریزی) مثلاً تجارتی سمندری خوراک کے جہاز (صرف انگریزی)، کارگو جہاز، کروز جہاز)
- ملازمت کے پرہجوم مقامات (صرف انگریزی) جہاں کام کی فطرت کے باعث جسمانیفاصلہ رکھنا ممکن نہ ہو مثلاً گودام، فیکٹریاں، اور خوراک پیک کرنے اور گوشت کا انتظام کرنے کے ادارے۔
- مجموعی رہائشی اداروں کے مجموعی رہائشی حصے (بیڈرومز کے علاوہ)، بشمول کام کے لئے باہر جانے کی اجازت دینے والے ادارے، عارضی رہائش، نوعمر افراد کی بحالی یا حراستی ادارے اور عارضی کارکنان کی رہائش۔
- اندرون عمارت ماحول جن میں بالغ افراد کے قید خانوں، بالغ افراد کی جیلوں، نوعمر افراد کی بحالی کے اداروں یا نوعمر افراد کے حراستی اداروں میں قید افراد موجود ہوں (مثلاً عدالتی کمرے)

درج بالا مقامات میں رہائش یا ملازمت رکھنے والے افراد کو چاہیے کہ جب وہ ان مقامات میں نہ ہوں تو عام عوام پر لاگو ہونے والی تجاویز پر عمل کریں (مثلاً جب باہر کمیونٹی میں ہوں)۔ صحت عامہ کے حکام چند حالات میں ماسک پہننے کا تقاضا کر سکتے ہیں، جیسا کہ پھیلاؤ کی صورت میں۔

جن غیر نگہداشت صحت اداروں میں افراد اکھٹے ہوتے ہیں (جیسا کہ کاروبار یا تنظیمیں)، وہ ماسک پہننے کا تقاضا کر سکتے ہیں۔ ان اداروں کو اپنے ماحول میں ماسک پہننے کا تقاضا کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے درج ذیل تمام عوامل کو مدنظر رکھنا چاہیے:

- ماحول میں موجود افراد کی طبی کمزوری
  - جن افراد نے تمام کووڈ-19 ویکسینز نہیں لگوائیں، انہیں کووڈ-19 ہونے اور شدید مرض پیدا ہونے کا امکان زیادہ ہے۔
  - مخصوص طبی کیفیات کے حامل افراد کو شدید کووڈ-19 مرض کا زیادہ خطرہ لاحق ہے۔
- ماحول میں ہوا کا بہاؤ - HVAC سٹم رکھنے اور نہ رکھنے والے اداروں کے لئے معلومات اور ہوا کے بہاؤ کے اختیارات کے لئے کووڈ-19 کی منتقلی گھٹانے کے لئے ہوا کا بہاؤ اور ہوا کا معیار (wa.gov) (صرف انگریزی) اور عمارات میں ہوا کا بہاؤ | CDC دیکھیں
- ماحول میں موجود افراد کی جسمانی فاصلہ اختیار کرنے کی اہلیت
- ماحول میں کووڈ-19 کا مشتبہ یا مصدقہ پھیلاؤ - جب غیر نگہداشت صحت مجموعی ماحول میں پھیلاؤ ہو تو اندرون عمارت ماسک استعمال کرنے کی پرزور تجویز دی جاتی ہے
- جب کمیونٹی میں مرض کی سطح زیادہ ہوتی ہے تو CDC اور DOH کی تجویز ہے کہ ویکسینیشن کی حیثیت سے بالاتر ہو کر تمام افراد اندرون عمارت ماسک پہنیں۔ CDC کووڈ-19 کمیونٹی کی سطحیں دیکھیں۔

اگر افراد ماسک پہننا چاہیں تو ان اداروں کو ان کی حوصلہ شکنی نہیں کرنی چاہیے۔ ذیل میں ماسک پہننے کی انفرادی تجاویز اور خطرے کی بنیاد پر غور طلب باتیں دیکھیں۔

ماسک پہننے کی انفرادی تجاویز

مثبت ٹیسٹ کے حامل یا کووڈ-19 میں مبتلا شخص سے سامنا کرنے والے افراد کو کووڈ-19 کا مثبت ٹیسٹ آنے پر کیا کرنا چاہیے (صرف انگریزی)، کووڈ-19 میں مبتلا شخص سے ممکنہ سامنا ہونے کے بعد کیا کرنا چاہیے (صرف انگریزی) اور کووڈ-19 کی علامات کے فیصلے کا درخت کے مطابق ماسک پہننا چاہیے۔ اگر کسی مقام پر ماسک پہننے کا تقاضا کیا جائے تو ضروری ہے کہ وہاں موجود افراد ماسک پہنیں۔ تقاضوں کی معلومات کے لئے موجودہ ضوابط اور ہیلتھ آرڈز دیکھیں۔

اگر درج بالا حالات کا اطلاق نہ ہو، تب بھی لوگ ذاتی ترجیح کی بنیاد پر ماسک پہن سکتے ہیں جو ذاتی طور پر یا کمیونٹی میں خطرے کی شرح پر مبنی ہو گا۔ افراد کو ماسک پہننے کا تقاضا کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے درج ذیل عوامل کو مدنظر رکھنا چاہیے:

- انفرادی ویکسینیشن کی حیثیت اور فیملی، دوستوں اور اپنے گرد موجود دیگر افراد کی ویکسینیشن کی حیثیت - جن افراد نے تمام کووڈ-19 ویکسینز نہیں لگوائیں، انہیں کووڈ-19 ہونے اور شدید مرض پیدا ہونے کا امکان زیادہ ہے۔
- انفرادی طبی کیفیات اور فیملی، دوستوں اور اپنے گرد موجود دیگر افراد کو لاحق طبی کیفیات جو شدید کووڈ-19 مرض کا خطرہ بڑھاتی ہوں۔
- آپ جس ماحول میں موجود ہیں اس کی خصوصیات (مثلاً پرہجوم، کم ہوا والا)
- جب کمیونٹی میں مرض کی سطح زیادہ ہوتی ہے تو CDC اور DOH کی تجویز ہے کہ ویکسینیشن کی حیثیت سے بالاتر ہو کر تمام افراد اندرون عمارت ماسک پہنیں۔ CDC کووڈ-19 کمیونٹی کی سطحیں دیکھیں۔

کووڈ-19 کی معلومات و وسائل کے متعلق مزید

واشنگٹن میں کووڈ-19 کی موجودہ صورتحال (اردو)، گورنر انسلی کے اعلامیے (صرف انگریزی)، علامات (صرف انگریزی)، یہ کیسے پھیلتا ہے (صرف انگریزی)، اور لوگ کیسے اور کب ٹیسٹ کرواتے ہیں (صرف انگریزی) ملاحظہ کر کے باخبر رہیں۔ مزید معلومات کے لئے ہمارے اکثر پوچھے جانے والے سوالات (صرف انگریزی) دیکھیے۔

کسی شخص کی نسل/تہذیب یا قومیت خود بخود اسے کووڈ-19 کے بڑے خطرے میں مبتلا نہیں کر دیتی۔ تاہم ڈیٹا سے ظاہر ہو رہا ہے کہ غیر سفید فام کمیونٹیز غیر متناسب طور پر کووڈ-19 سے اثر انداز ہو رہی ہیں، اس کی وجہ نسل پرستی اور خاص کر منظم نسل پرستی کے اثرات ہیں، جن کے نتیجے میں چند گروہوں کو اپنے اور اپنی کمیونٹی کے تحفظ کے لئے زیادہ مواقع نہیں مل پاتے۔ تعصب بیماری سے جنگ میں مددگار نہیں (صرف انگریزی)۔ افواہوں اور غلط معلومات کو پھیلنے سے روکنے کے لئے دوسروں تک درست معلومات پہنچائیں۔

- ریاست واشنگٹن محکمۂ صحت 2019 نیا کورونا وائرس کا پھیلاؤ (کووڈ-19) (اردو)
- ریاست واشنگٹن میں کورونا وائرس پر ردعمل (کووڈ-19) (اردو)
- اپنا مقامی محکمۂ صحت یا ڈسٹرکٹ تلاش کریں (صرف انگریزی)
- CDC کورونا وائرس (کووڈ-19) (صرف انگریزی)
- قابل رسائی، سماعت سے محروم افراد کے لئے مناسب ماسک کیسے بنایا جائے (HSDC) (صرف انگریزی)

مزید سوالات ہیں؟ ہماری کووڈ-19 کی معلوماتی ہاٹ لائن پر کال کریں: **1-800-525-0127**
پیر - صبح 6 تا رات 10 بجے، منگل تا اتوار اور منائی جانے والی ریاستی تعطیلات (صرف انگریزی) پر صبح 6 تا شام 6 بجے۔
زبانی ترجمے کی خدمات کے لئے فون اٹھائے جانے پر **# دبائیں** اور **اپنی زبان کا نام لیں۔** اپنی صحت، کووڈ-19 کے ٹیسٹ یا ٹیسٹ کے نتائج کے متعلق سوالات کے لئے براہ مہربانی کسی طبی معالج سے رابطہ کریں۔

اس دستاویز کو کسی اور شکل میں حاصل کرنے کے لئے 1-800-525-0127 پر کال کریں۔ سماعت سے محروم یا اونچا سننے والے صارفین براہ مہربانی 711 (Washington Relay) پر کال کریں یا civil.rights@doh.wa.gov پر ای میل کریں۔

ضمیمہ اے: **لغت**

نگہداشت صحت کا ماحول

[Secretary of Health's Mask Order (صحت کے سیکریٹری کا ماسک آرڈر)](#) (صرف انگریزی) کے مطابق نگہداشت صحت کے ماحول اور طویل مدتی نگہداشت کے ماحول سے مراد ہر وہ سرکاری یا نجی ماحول ہے جسے چند استثنات کے علاوہ بنیادی طور پر افراد کو آمنے سامنے نگہداشت صحت کی خدمات مہیا کرنے کے لئے استعمال کیا جائے۔ اگر یہ ایسے ادارے میں موجود ہو جسے بنیادی طور پر نگہداشت صحت کی خدمات کی فراہمی کے لئے استعمال کیا جاتا ہے، جیسا کہ ہسپتال، تو پورے ادارے کو نگہداشت صحت کا ماحول یا طویل مدتی نگہداشت کا ماحول تصور کیا جائے گا اور لازمی ہو گا کہ ادارے بھر میں چہرہ ڈھانپا جائے، یہ چہرہ ڈھانپنے کے آرڈر کے استثنات اور چھوٹ سے مشروط ہو گا۔ اگر یہ ایسے ادارے میں موجود ہو جسے بنیادی طور پر کسی اور مقصد کے لئے استعمال کیا جاتا ہو، جیسا کہ گروسری اسٹور کے اندر موجود فارمیسی یا اسکول کی نرس کا دفتر، تو نگہداشت صحت کے ماحول یا طویل مدتی نگہداشت کے ماحول میں صرف وہ حصے شامل ہوتے ہیں جنہیں بنیادی طور پر نگہداشت صحت کی فراہمی کے لئے استعمال کیا جائے، لیکن ادارے کے دیگر حصے اس میں شامل نہیں ہوتے۔ ضروری ہے کہ بنیادی طور پر نگہداشت صحت کی فراہمی کے لئے استعمال ہونے والے حصوں میں چہرہ ڈھانپا جائے، یہ چہرہ ڈھانپنے کے آرڈر کے استثنات اور چھوٹ سے مشروط ہو گا۔ اگر درج ذیل میں اخراج نہ کیا گیا ہو تو نگہداشت صحت کے فراہم کنندگان میں [نگہداشت صحت کی پیشہ وارانہ اسناد کے تقاضے](#) (صرف انگریزی) کی فہرست میں درج افراد اور قانونی طور پر کسی سند کے بغیر نگہداشت صحت کی خدمات مہیا کرنے کی اجازت رکھنے والے افراد شامل ہیں۔ **نگہداشت صحت کے ماہرین کے علاوہ تمام ملازمین اور ملاقاتیوں سے اندرون عمارت نگہداشت صحت کے ماحول میں ماسک پہننے کا تقاضا کیا جاتا ہے۔**

ذیل میں نگہداشت صحت کے ماحول اور طویل مدتی نگہداشتی ماحول کی غیر جامع فہرست دی گئی ہے:

- مختصر نگہداشت کے ادارے، بشمول مگر بلا تحدید ہسپتال؛
- طویل مدتی مختصر نگہداشتی ادارے؛
- داخل مریضوں کی بحالی کے ادارے؛
- داخل مریضوں کی رویہ جاتی صحت کے ادارے، بشمول مگر بلا تحدید تجزیے اور علاج کے ادارے، رہائشی علاج کے ادارے، محفوظ ڈیٹاکس ادارے؛
- رہائشی طویل مدتی نگہداشتی ادارے، بشمول مگر بلا تحدید نرسنگ ہوم، معاون رہائشی ادارے، بالغ افراد کی فیملی کی گھر، ایسے ماحول جن میں سند یافتہ کمیونٹی کی رہائشی خدمات اور امداد فراہم کی جاتی ہو، اور بہتر خدمات کے ادارے؛
- موبائل کلینک یا دیگر گاڑیاں جن میں نگہداشت صحت مہیا کی جاتی ہو؛
- بیرونی مریضوں کے لئے موجود ادارے، بشمول مگر بلا تحدید ڈایالائسز سنٹر، فزیشن کا دفتر، اور رویہ جاتی صحت کے ادارے (بشمول سائیکاٹرسٹ کا دفتر، ذہنی صحت کے مشیر اور مواد کے غلط استعمال کے ڈس آرڈر کے ماہرین)؛
- ڈینٹل اور دانتوں کے خصوصی ادارے؛
- امراض چشم و امراض بصارت کے ادارے؛
- فارمیسیاں (پرچون کے حصوں کے علاوہ)؛
- مساج تھیراپی کے دفاتر (اس میں غیر نگہداشت صحت ماحول، جیسا کہ اسپا اور بہبود/فٹنس مراکز کے ایسے تفویض شدہ حصے شامل ہیں جن میں مساج کیا جاتا ہے)؛
- کائروپریکٹک دفاتر؛
- دایہ گیری کی پریکٹس اور علیحدہ زچگی مراکز؛
- علیحدگی اور/یا قرنطینہ کے ادارے؛
- ایمبولیٹری سرجیکل ادارے؛
- فوری نگہداشتی مراکز؛
- ہسپتال کے نگہداشتی مراکز؛ اور

- ایسے ماحول جن میں ادائیگی وصول کرنے والے فراہم کنندگان گھر پر نگہداشت صحت، گھر پر نگہداشت، ذاتی نگہداشت یا ہاسپائس نگہداشت کی خدمات فراہم کرتے ہیں۔

نگہداشت صحت کے ماحول اور طویل مدتی نگہداشتی ماحول میں درج ذیل شامل نہیں:

- ایسے ماحول جن میں کھیلوں یا دیگر تماشائیوں والی تقریبات یا دیگر میل جول کا انعقاد ہوتا ہے (بشمول جب سند یافتہ ایتھلیٹک ٹرینر کھلاڑیوں کو نگہداشت فراہم کر رہے ہوں)، ان حصوں کے علاوہ جنہیں بنیادی طور پر نگہداشت صحت کی خدمات کی فراہمی کے لئے استعمال کیا جاتا ہے (جو نگہداشت صحت کے ماحول ہیں)؛
- Department of Children, Youth & Families (DCYF)، محکمہ برائے بچے، نوجوان اور خاندان)- لائسنس یافتہ فوسٹر ہومز جو بنیادی طور پر نگہداشت صحت کی خدمات مہیا نہیں کرتے؛
- تحقیقاتی ادارے جن میں لوگوں کو نگہداشت صحت فراہم نہیں کی جاتی؛
- جانوروں کی نگہداشت صحت کا ماحول؛
- جانوروں پر قابو پانے کی ایجنسیاں؛
- جانوروں پر ظلم روکنے کی غیر منافع بخش سوسائٹیاں؛ اور
- چرس کی پرچون کی دکانیں، بشمول وہ جن میں چرس کے طبی مشیر خدمات فراہم کرتے ہیں۔

اگر کسی نگہداشت صحت کے ادارے کا تقاضا ہے کہ بیرون عمارت ماسک پہنے جائیں تو آپ کو ان کے کاروبار کے اصولوں پر عمل کرنا ہو گا۔ مزید معلومات کے لئے درج بالا "مقام کے اصول" کی معلومات دیکھیں۔ براہ مہربانی نگہداشت صحت کے ماحول میں کووڈ-19 انفیکشن کا انسداد (صرف انگریزی) کے صفحے پر تفصیلی رہنمائی بشمول ماخذ پر قابو پانے کی رہنمائی (صرف انگریزی) اور چند نگہداشت صحت کے اداروں میں ملاقاتیوں کی رہنمائی دیکھیں۔

مقام کے اصول

کاروباروں، تنظیموں، اداروں اور محکموں کو اپنے محکمے یا ادارے میں ماسک پہننے کے متعلق خود اصول طے کرنے کا حق حاصل ہے۔ کاروباروں سے درکار ہے کہ وہ L&I کی ہدایات (صرف انگریزی) میں درج تمام تقاضوں پر عمل کریں اور وہ چاہیں تو صحت کے سیکریٹری کے ماسک آرڈر (صرف انگریزی) سے زیادہ تحفظ فراہم کرنے کے لئے دیگر ماحول (مثلاً بیرون عمارت) میں ماسک کا تقاضا کر سکتے ہیں۔

مقامی صحت عامہ کے عہدیداران بھی کمیونٹی میں منتقلی کو محدود کرنے کے لئے مزید حفاظتی ماسک آرڈرز نافذ کر سکتے ہیں۔ یہ اصول صحت کے سیکریٹری کے ماسک آرڈر (صرف انگریزی) سے زیادہ محفوظ ہو سکتے ہیں لیکن اس سے کم محفوظ نہیں ہو سکتے۔

مزید براں، ممکن ہے کہ چند افراد کو ماسک پہننا جاری رکھنے کی ضرورت ہو یا وہ اس کا فیصلہ کریں۔ انہیں عوامی مقامات پر ماسک پہننے کا فیصلہ کرنے کا اختیار حاصل ہے، خواہ ریاستی یا مقامی ضوابط فعال نہ ہوں۔ براہ مہربانی ان کے اپنے، اپنی فیملی اور کمیونٹیز کے تحفظ کے لئے ماسک پہننا جاری رکھنے کے فیصلے کا احترام کریں۔ نوٹ کریں کہ اگر آپ ماسک پہننے کا فیصلہ کریں تو کچھ حالات میں، جیسا کہ شناخت کے مقصد سے آپ سے اسے مختصر طور پر اتارنے کی درخواست کی جا سکتی ہے۔